© rasailojaraid.com

کی خطابت وامامت کے ساتھ ساتھ دروس قرآن وحدیث اور ترجمہ قرآن کلاس کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا تھا ان کی زیر نگرانی جو شعبہ حفظ کام کر رہا ہے اس میں حفظ کے ساتھ ساتھ بچوں کو ترجمہ قرآن بھی پڑھایا جاتا ہے مرحوم نے حادثے والی رات بھی اپنی مسجد میں نماز عشاء کی امامت بھی کرائی اور نماز کے بعد ترجمہ قرآن پڑھایا اور اس کے بعد موٹر سائیکل پر کیلیانوالہ واپس اپنے گھر جا رہے تھے کہ راستے میں موٹر سائیکل پھسل جانے سے سر میں ایسی چوٹ لگی کہ وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ مرحوم کا انجام بہت اچھا ہوا کہ ان کا آخری عمل نماز عشاء کی امامت اور ترجمہ قرآن پڑھانا تھا۔

ے این سعادت بزور بازو نیست　　　تا نہ بخشند خدائے بخشندہ

رئیس الجامعہ نے ان کے بیٹوں (انعام اللہ کیلانی وغیرہ) سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی خدمات کو سراہا اور مرحوم کیلئے بخشش کی دعا کی اور جہلم میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی

## مولانا فاروق اصغر صارم کا سانحہ ارتحال

مورخہ 23 جولائی بروز اتوار جامعہ محمدیہ اہل حدیث گوجرانوالہ کے مدرس، ممتاز عالم دین مولانا فاروق اصغر صارم اچانک ایک حادثہ میں رحلت فرما گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے علم وراثت میں ان کو ملکہ حاصل تھا۔ فقہ المواریث کے علاوہ مرحوم نے کئی کتابیں بھی تالیف کی ہیں۔ مرحوم کی وفات کی خبر جب جامعہ علوم اثریہ میں پہنچی تو غم وافسوس کی لہر دوڑ گئی اسی رات نماز عشاء کے بعد رئیس الجامعہ نے اساتذہ اور طلبہ کے سامنے مرحوم کی خدمات کو سراہا اور غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

## چوہدری محمد یاسین ظفر (پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد) کو صدمہ

مورخہ 24 جولائی بروز سوموار پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد چوہدری محمد یاسین ظفر کے والد گرامی وفات پا گئے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم بڑے صابر وشاکر متقی، پرہیزگار اور شب زندہ دار بزرگ تھے ساری زندگی کسی کی غیبت نہیں کی۔ رئیس الجامعہ نے چوہدری محمد یاسین ظفر سے اظہار تعزیت کیا اور مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔



© rasailojaraid.com